# کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ

## شاندار نیلام عام برائے ٹھیکہ جات (مالی سال25-2024)

ہرخاص و عام کو مطلع کیاجاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ اپنی حدود میں مالی سال برائے 25-2024 کے لئے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات بورڈ کے منظور شدہ شرح کے مطابق وصولی کے حقوق کا نیلام عام مورخہ 11 جون 2024 بوقت 01:00 بجے بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ میں منعقد کرے گا - مذکورہ نیلامی مقررہ تاریخ یا وقت پر نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ 12 جون 2024 اور سہ بارہ مورخہ 13 جون 2024 کو مقررہ وقت پر دفتر ھذا میں منعقد ہوگی۔

## نیلامی کے چند شرائط و ضوابط

(۱) نیلامی کا آغاز سرکاری بولی سے کیاجائے گا جس کا موقع پر اعلان کیا جائے گا۔

(۲) نیلامی سے ایک دن قبل بولی دہندہ بنک ڈرافٹ/ پے آرڈر بنام ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ بطور ضمانت (قابل واپسی) بمعہ FBR , C.N.I.C کا انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ, بینک اکاؤنٹ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپیاں دفتر ھذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

(۳) ہربولی میں حصہ لینے کیلئے خواہشمند حضرات علیحدہ علیحدہ بنک ڈرافٹ /پے آرڈر/ماہانہ قسطوں کے ایڈوانس چیکس (بولی دہندہ کے اپنے نام کے اکاؤنٹ / کمپنی کے) بنام ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ بطور ضمانت(قابل واپسی) قبل از بولی جمع کروانے کے پابندہونگے۔ جوکہ ماسوائے پہلے اور دوسرے نمبرپر آنے والے کامیاب بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کردیا جائے گا۔

(۴) کامیاب بولی دہندگان بولی کے اختتام پر چوبیں گھنٹوں کے اندر بولی کا %25 فیصد بذریعہ ڈیمانڈ ڈرافٹ/پے آڈر اور بولی دہندہ کے اپنے نام کے اکاؤنٹ / کمپنی کے ماہانہ قسطوں کے ایڈوانس چیکس کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر منوڑہ کینٹ کے نام جمع کروانے کے پابند ہونگےکوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا بصورت دیگرجمع شدہ زرضمانت/زربیعانہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلیا جائے گا اور بولی دہندہ کسی بھی قانونی کارروائی کا مجاز نہ ہوگا-

(۵) کوئی بھی ایسا شخص یا ادارہ جو کسی بھی صورت میں کینٹ بورڈز / سرکاری ادارہ کے نا دہندہ ہونگے بولی میں‌حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے اور بولی میں حصہ لینے سے قبل کسی بھی کینٹ بورڈ / سرکاری ادارہ کا نادہندہ ہونے کا ایک عدد حلف نامہ جمع کرائے گا-

(۶) بولی دہندگان بذات خود یا اپنے رجسٹرڈ قانونی مختارنامہ کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(۷) کامیاب بولی دہندگان ٹھیکہ جات بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی ماہانہ قسط ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ہر صورت میں جمع کروانے کے پابند ہونگے اور بولی کی کل رقم کے 12 ایڈوانس چیکس جمع کروانے کے پابندہونگے۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں مہینے کی10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ کیا جاسکتا ہے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کا تمام حرج و خرچ ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا -

(۸) کامیاب بولی دہندگان گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس اور دیگر ٹیکس ادا کرنے کے پابند ہونگے۔

31/5/2024

14 cb 66- 116-

(۹) کامیاب بولی دہندگان بورڈ / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے سات (7) یوم کے اندر اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کے پابند ہونگے۔

(۱۰) بولی دہندگان کو کینٹونمنٹ بورڈ کے دیگر انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت کی اجازت نہیں ہوگی۔

(۱۱) کامیاب بولی دہندگان فیس کینٹ بورڈ منوڑہ کے منظور شدہ ریٹس پر وصول کرنے کے پابند ہونگے، کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اس کے علاوہ خلاف ورزی کرنے والے کی تمام جمع شدہ رقم / سیکیورٹی بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

| نمبرشمار: | تفصیل ٹھیکہ جات: | سیکورٹی / زرضمانت (قابل واپسی) (Rs.) |
|---|---|---|
| 1۔ | اونٹ, گھوڑا (سینڈز پٹ ساحل تا منوڑہ ساحل سمندر) | 300,000 |
| 2۔ | سینڈز پٹ روڈ واش رومز اور ٹک شاپ (اسٹال) | 100,000 |
| 3- | پاؤں دھلوانے اور جوتے جمع کرنے کا ٹھیکہ (سینڈز پٹ ساحل تا منوڑہ ساحل سمندر) | 100,000 |

(۱۲) زیر دستخطی/ کینٹونمنٹ بورڈ کا اختیار محفوظ ہے کہ وہ بغیر وجہ بیان کیے کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرسکتا ہے۔

(۱۳) کوئی بھی ایسا شخص یا اس کا پارٹنر کمپنی/ادارہ جو کسی بھی کینٹونمنٹ بورڈز کے خلاف مقدمہ بازی میں ملوث ہو وہ بولی میں شریک ہونے کا اہل نہیں ہے۔

(۱۴) اشتہار پیپرا (www.ppra.org.pk) اور کینٹ بورڈ منوڑہ (www.manora.cantonment.gov.pk) کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

مزید شرائط و ضوابط کی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر

ایگزیکٹیو آفیسر
کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ